سیدنا ذو القوة صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار — طاقتور — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله:

"ذِي قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ ۝"

(سورة التكوير: ٢٠)

اشارہ ہے اس قول کی طرف:

"جو قوت والا ہے مالکِ عرش کے نزدیک ذی رتبہ ہے۔"

نقل عياض عن الجمهور في ذي قوة انه محمد صلى الله عليه وسلم۔

(شرح المواهب اللدنية للزرقاني ج ٣ ص ١٣٠)

قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے جمہور سے نقل کیا ہے کہ ذی قوۃ سے مراد حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

عن انس بن مالك رضي الله عنه قال قال رسول الله فضلت على الناس بشدة البطش۔ رواه ابو زرعة۔

(تاريخ ابن كثير ج ٦ ص ٦٠)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے لوگوں پر سخت پکڑ کی فضیلت دی گئی ہے۔